22265- نماز جمعہ کے ساتھ نماز عصر جمع کرنے کا حکم

سوال

میں عمرہ کی ادائیگی کے لیے مکہ گیا چنانچہ راستے میں ایک شہر کے قریب نماز جمعہ کا وقت ہوگیا، میں نے ایک مسجد میں نماز جمعہ ادا کی اور نماز کے بعد نماز عصر ادا کرلی کیونکہ میں مسافر تھا، تو کیا میرا یہ عمل جائز ہے ؟

اس کے متعلق فتوی دے کر عنداللہ ماجور ہوں.

پسندیدہ جواب

ہمارے علم کے مطابق توایسی کوئی دلیل نہیں جس سے نماز جمعہ کے ساتھ نماز عصر جمع کرنا جائز ہو، اور نہ ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ کسی صحابی سے ہی یہ منقول ہے.

چنانچہ اسے ترک کرنا ہی واجب ہے، اور جس نے ایسا کیا اسے نماز عصر کا وقت شروع ہونے کے بعد نماز لوٹانی چاہیے.

اللہ تعالی سب کو توفیق سے نوازے.

واللہ اعلم.